# پری فزیبلیٹی تحقیق

## (پرنٹنگ پریس)


سمال اینڈ میڈیم انٹرپرائزز ڈویلپمنٹ اتھارٹی (سمیڈا)

وزارت صنعت و پیداوار

حکومت پاکستان

www.smeda.org.pk

**ہیڈ آفس**

فورتھ فلور، بلڈنگ نمبر 3، ایوانِ اقبال کمپلیکس، ایجرٹن روڈ، لاہور۔

فون 92 42 111 111 456

فیکس 92 42 36304926-7

helpdesk@smeda.org.pk


مئی 2015


**ریجنل آفس پنجاب**
بلڈنگ نمبر 3، فلور: 3، ایوان اقبال کمپلیکس، ایجرٹن روڈ، لاہور
ٹیلی فون: 456-111-111 (042)
فیکس نمبر: 7-36304926(0423)
helpdesk.punjab@smeda.org.pk

**ریجنل آفس سندھ**
بحریہ کمپلیکس 2، فلور 5، ایم ٹی خان روڈ، کراچی
ٹیلی فون: 456-111-111 (021)
فیکس نمبر: 35610572 (021)
helpdesk-khi@smeda.org.pk

**ریجنل آفس خیبر پختونخوا**
دی مال، گراؤنڈ فلور، پشاور
ٹیلی فون: 47-9213046 (091)
فیکس نمبر: 286908 (091)
helpdesk-pew@smeda.org.pk

**ریجنل آفس بلوچستان**
بنگلو نمبر: 15-A چمن ہاؤس سکیم، ایئرپورٹ روڈ، کوئٹہ
ٹیلی فون: 2831623, 2831702 (081)
فیکس نمبر: 2831922 (081)
helpdesk-qta@smeda.org.pk

| صفحہ نمبر | فہرست عنوانات | نمبر شمار |
|---|---|---|
| 2 | اظہار لاتعلقی | 1 |
| 2 | اجمالی جائزہ | 2 |
| 3 | سمیڈا کا تعارف | 3 |
| 3 | دستاویز کا مقصد | 4 |
| 3 | کاروبار و مصنوعات کا مختصر بیان | 5 |
| 4 | پیداواری گردش عمل | 5.1 |
| 6 | ابتدائی و عملی استعداد | 5.2 |
| 6 | انتہائی قابل توجہ امور | 6 |
| 7 | جغرافیائی لحاظ سے سرمایہ کاری کے مواقع | 7 |
| 7 | متوقع منڈیاں اور تجارتی علاقے | 8 |
| 7 | منصوبہ کی کل لاگت کا خلاصہ | 9 |
| 7 | معاشی کیفیت | 9.1 |
| 8 | درکار سرمایہ | 9.2 |
| 8 | کل لاگت کاروبار | 9.3 |
| 9 | درکار زمین | 9.4 |
| 9 | درکار مشینری اور آلات | 9.5 |
| 10 | درکار فرنیچر اور فکسچرز | 9.6 |
| 11 | درکار دفتری آلات | 9.7 |
| 11 | درکار خام مال | 9.8 |
| 12 | درکار افرادی قوت | 9.9 |
| 12 | متفرق لاگتیں | 9.10 |
| 12 | آمدن۔ متوقع آمدن اور پیداوار | 9.11 |
| 13 | ماہرین و مشیران | 10 |
| 13 | مشینری کے سپلائرز | 10.1 |
| 14 | خام مال کے سپلائرز | 10.2 |
| 14 | کارآمد روابط | 11 |
| 16 | ضمیمہ جات | 12 |
| 16 | آمدن کا گوشوارہ (انکم سٹیٹمنٹ) | 12.1 |
| 17 | اثاثوں اور واجبات کا گوشوارہ (بیلنس شیٹ) | 12.2 |
| 18 | گردش نقد کا گوشوارہ (کیش فلو) | 12.3 |
| 19 | کلیدی مفروضے | 13 |

## 1۔ اظہارِ لاتعلقی (DISCLAIMER)

یہ معلوماتی مواد اس کاروبار کے بارے میں معلومات فراہم کرنے کی نیت سے شائع کیا گیا ہے۔ اگرچہ اس مواد کے لئے مختلف قابل اعتماد ذرائع سے معلومات لی گئی ہیں۔ البتہ اس میں کئی مفروضات بھی ہیں جو مختلف حالات میں مختلف نتائج دے سکتے ہیں۔ یہ معلومات ''جو ہے، جیسے ہے'' کی بنیاد پر دی گئی ہیں سمیڈا، اس کے ملازمین یا عہدیداران معلومات کی صحت کے ذمہ دار نہیں ہیں۔ البتہ اس کام کو سرانجام دیتے ہوئے ہر ممکن احتیاط برتی گئی ہے۔

اضافی معلومات حاصل کرنے کے لئے ممکنہ سرمایہ کار کی حوصلہ افزائی کی جائے گی جو کہ فیصلہ سازی کے عمل میں ضروری ہے۔ ممکنہ سرمایہ کار کو دی گئی معلومات پر عمل کرنے سے قبل مستند مشاورت کار یا ماہرین سے پیشہ ورانہ مشورہ کرنے کی بھی ضرورت ہے۔

اس کاروبار سے متعلق تفصیلی رپورٹ **SMEDA** نے تیار کی ہے۔ **SMEDA** کی طرف سے خدمات اور متعلقہ معلومات کے حصول کے لئے **SMEDA** کی ویب سائٹ www.smeda.org.pk پر رابطہ کیا جا سکتا ہے۔

دستاویز

| | |
|---|---|
| دستاویز نمبر | پری فزیبلٹی نمبر 69 |
| دوہرائی | نمبر 3 |
| تیار کردہ | سمیڈا پنجاب |
| تاریخ دوہرائی | مئی 2015 |
| مزید معلومات | پراونشل چیف پنجاب<br>janjua@smeda.org.pk |

## 2۔ اجمالی جائزہ (EXECUTIVE SUMMARY)

پاکستان میں چھپے ہوئے مواد کی مارکیٹ میں گزشتہ دہائی کے دوران مسلسل ترقی دیکھنے میں آئی ہے۔ اس پری فزیبلٹی کا مقصد پرنٹنگ پریس کے کاروبار کو پاکستان کے کسی بھی اہم بڑے شہر میں قائم کرنے کیلئے بنیادی معلومات کو اجاگر کرنا ہے۔ یہ فرض کیا گیا ہے کہ مجوزہ کاروبار مختلف اقسام کے چھپائی کے مواد مختلف گاہکوں کے طبقے کیلئے جن میں کاروباری ادارے، تعلیمی سیکٹر اور دوسرے شامل ہیں، کیلئے تیار کرے گا۔ اس یونٹ کے تیار کردہ چھپے ہوئے مواد میں بنیادی طور پر تشہیری مواد شامل ہے (بروشرز، کیٹلاگ، پوسٹرز، کیلنڈرز، ڈائریاں اور وزیٹنگ کارڈ وغیرہ)، دفتری سٹیشنری (لیٹر ہیڈز، پرنٹڈ فائلز، واؤچرز، انوائسز، باطنی اور ظاہری دستاویز وغیرہ)، پبلشڈ میٹریل (ادب اور نصابی کتب وغیرہ)

فی الحال پاکستان میں زیادہ تر چھپائی کے کارخانے سولنا اور راوٹر مشین استعمال کر رہے ہیں کیونکہ یہ مقامی مارکیٹ میں مناسب قیمت اور سستی مرمت کی وجہ سے آسانی سے دستیاب ہیں۔ اس فزیبلٹی تحقیق میں یہ تجویز دی گئی ہے کہ 2 روائتی مشینیں یعنی سولنا (Solna) اور روٹا (Rota) ایک Digital XEROX 5,000 کے ساتھ معیاری اشیاء کے خریداروں کی ضروریات کو پورا کرنے کے لئے نصب کی جائیں۔ مقامی مارکیٹ میں ڈیجیٹل چھپائی کے کارخانوں کیلئے بہت زیادہ ممکنہ مواقع موجود ہیں اور بدلتے ہوئے مارکیٹ کے رجحانات اور ٹیکنالوجی کے ساتھ اس میں اور بھی اضافہ ہو رہا ہے۔

مجوزہ یونٹ کی نصب شدہ پیداواری صلاحیت 14,175 نقوش فی گھنٹہ، روٹا مشین 4000، سولنا مشین 10,000 کے ساتھ اور ڈیجیٹل پرنٹنگ 175 نقوش فی گھنٹہ بالترتیب ہے۔ لہٰذا 8 گھنٹہ کی سنگل شفٹ کی بنیاد پر مجوزہ پریس 37 ملین سے زائد نقوش سالانہ تیار کرے گی۔ یہ یونٹ عمل کے پہلے سال کے دوران 60 فیصد ابتدائی استعداد کے ساتھ کام کرے گا اور 5 فیصد کے بتدریج اضافے کے ساتھ اگلے سالوں میں زیادہ سے زیادہ پیداواری صلاحیت حاصل کرے گا (یعنی 95 فیصد)۔

مجوزہ پرنٹنگ پریس کی اندازے کے مطابق کل لاگت 7.18 ملین روپے ہے، جس میں 5.37 ملین مستقل لاگت ہے اور 1.81 ملین گردشی سرمایہ ہوگا۔ اس پراجیکٹ کیلئے سرمایہ 50 فیصد قرض اور 50 فیصد ذاتی سرمائے سے مہیا کیا جائے گا۔ پراجیکٹ کی موجودہ قدر حاصل (NPV) تقریباً 5.43 ملین روپے ہے اور اندرونی منافع کی

شرح(IRR)30 فیصداورکل مدت واپسی 4.79 سال ہے۔ یہ منصوبہ 13 افرادبشمول مالک مینیجر کو بالواسطہ روزگار کے مواقع فراہم کرے گا۔اس کاروبار کی قانونی حیثیت ''فرد واحد'' تجویز کی جاتی ہے۔

## 3۔ سمیڈا کا تعارف (INTRODUCTION TO SMEDA)

سمال اینڈ میڈیم انٹر پرائزز ڈویلپمنٹ اتھارٹی(SMEDA) کا قیام اکتوبر 1998ء میں چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروبار کے فروغ کے ذریعے معیشت کو مضبوط بنانے کی خاطر عمل میں لایا گیا۔

چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروبار کے فروغ،ان کی تعداداوراستعداد میں اضافے کے ذریعے سے قومی آمدنی کو بہتر بنانے کے لئے سمیڈا نے شعبہ جاتی تحقیق کا کام کیا ہے جس میں چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروبار کا تعارف،ان کا طریقہ کار،سرمائے کے حصول کے مواقع،کاروبار جمانے کے لئے معلومات،منڈیوں اور صارفین تک رسائی و فراہمی،تکنیکی پلان مہیا کرنے،ادارہ جاتی تعاون اورنیٹ ورک کے ذریعے رابطہ شامل ہیں۔

## 4۔ دستاویز کا مقصد (PURPOSE OF THE DOCUMENT)

کاروبار کے ممکنہ امکانات کی تحقیق کا مقصد بنیادی طور پر اپنا کاروبارشروع کرنے والوں کے لئے سرمایہ کاری کے مناسب شعبوں کی نشاندہی ہے۔اس پراجیکٹ کی پری فزیبلٹی کے ذریعے کسی کاروباری تصور کی وضاحت،اس کے آغاز،تکمیل اورمتوقع منافع کے حصول کے لئے مناسب اورضروری امور کی وضاحت اوراحتیاطوں سے باخبر کرنا ہے۔

زیرنظر دستاویز میں پرنٹنگ پریس قائم کرنے والوں کے لئے اس کاروبار کی اجمالی معلومات مہیا کی گئی ہیں تاکہ وہ سرمایہ کاری میں نازک فیصلے کرتے ہوئے درست اقدامات کر سکیں۔

کاروبار کی ایسی اقسام بھی ہیں جہاں پرلکھت پڑھت بہت کم یا بالکل نہیں ہوتی،عام طور سے لکھی ہوئی ہدایات بھی میسرنہیں ہیں۔لہٰذااس کام کے آغاز کے لئے زیادہ تحقیق کرنی پڑتی ہے۔اس دستاویز میں یہی کاوش کی گئی ہے کہ ایسے کاروبار جن کا دارومدار چند خاص اصولوں کی پاسداری پر ہوتا ہے جیسے کہ موجودہ کامیاب کاروباریوں کی عادات کو اپنانا اور ان کاروباری امور کا خیال رکھنا جوایک کامیاب کاروبار کرنے کے لئے غیرتحریری قانون کی سی حیثیت رکھتے ہیں۔

اس معلوماتی مواد کے بغور مطالعے کے ساتھ ساتھ قاری کو بعدازاں فراہم کی جانے والی ان تنقیدی معلومات پر بھی نظر رکھنی چاہیے جوکسی بھی کاروباری سرمایہ کاری کی بنیاد ہیں۔

## 5۔ مصنوعات اور کاروبار کا مختصر بیان (BRIEF DESCRIPTION OF PROJECT)

مصنوعات اورگرافک آرٹ سیکٹر کی اہمیت کو اکثرنظرانداز کیا جاتا ہے۔تاہم اشتہارات اورتشہیری رجحانات اوراس کے ساتھ تعلیمی سیکٹر میں بے انتہا وسعت کی وجہ سے پرنٹنگ پریس کا کاروبار پاکستان میں منافع بخش کاروبار کے طور پر ابھرا ہے۔فی الحال پرنٹ میڈیا تمام اقسام کے کاروباروں میں مواصلات اورتشہیر کا سب سے موثر اورسستا ترین ذریعہ سمجھا جاتا ہے۔پرنٹنگ مواد/مصنوعات کی ایک جامع اقسام موجود ہیں جن کو پرنٹنگ پریس صنعتی اورتعلیمی سیکٹر کے کاروباری استعمال کنندگان کیلئے تیار کرتی ہے۔مقامی پرنٹنگ کی صنعت میں بہت بڑا حصہ تعلیمی کتب کا ہے جس کے بعد تشہیری مواد کی باری آتی ہے۔اسی طرح مجوزہ پرنٹنگ پریس مندرجہ ذیل چار کاروباری اقسام کی ضروریات کو پورا کرے گی۔

☆......تشہیری مواد،پرنٹنگ میٹریل یعنی بروشرز،پروڈکٹ کیٹلاگ،پوسٹرز،سالانہ رپورٹس،کیلنڈرز،ڈائریاں وغیرہ

☆......دفتری سٹیشنری یعنی کمپنی لیٹر ہیڈز،فائلز،رسیدیں،انوائسز،وزیٹنگ کارڈز،کھاتے کے رجسٹر وغیرہ

☆......پبلشنگ میٹریل،نصابی کتب،ادبی کتب وغیرہ

☆......پیکجنگ میٹریل، تمام اقسام کی پیکنگ مواد کی پرنٹنگ جیسا کہ بکسے، کارٹن، شاپنگ بیگ وغیرہ

اس پراجیکٹ کو چاروں صوبائی دارالحکومت یا پاکستان کے کسی بھی اہم بڑے شہر میں قائم کرنے کی تجویز کی گئی ہے۔ مجوزہ پراجیکٹ کی کاروباری قانونی حیثیت فرد واحد یا کاروباری شرکت ہوسکتی ہے۔ تاہم اس پری فیزیبلٹی میں قانونی حیثیت فرد واحد کی ملکیت تصور کی گئی ہے۔

## 5.1۔ پیداواری گردش عمل (PRODUCTION PROCESS FLOW)

### 5.1.1۔ ڈیزائن/تخلیقی مرحلہ(The Design/ Creative Stage)

ڈیزائن کے مرحلے میں ڈیزائنر کاغذ کی مجموعی شکل اور احساس کو مدنظر رکھتے ہوئے مصنوع کا ڈیزائن تیار کرتا ہے۔ چھپائی کی جانے والی عبارت کو ٹائپ کیا جاتا ہے اور نظر آنے والے گرافک کی تخلیق کی جاتی ہے۔ گرافک کی ڈیزائننگ 2 اقسام کی ہیں، ہالف ٹون، لائن ٹون۔

ہالف ٹون مسلسل ٹون ورک کی دوبارہ سے تیاری کو کہتے ہیں جو کہ سکرین کے استعمال کے ذریعے تصاویر کو مختلف سائز کے نقطوں میں تبدیل کر دیتی ہے۔ لائن آرٹ وہ آرٹ ہے جو کہ مسلسل لائن جیسا کہ قلم اور سیاہی والی ڈرائنگ یا Type faces ہوتے ہیں۔ ڈیزائنگ کے بعد ڈیزائنر کاغذ کی ترتیب کو درست کرتا ہے اور ڈیزائن کو پری پریس ڈیپارٹمنٹ کو بھجوا دیا جاتا ہے۔

### 5.1.2۔ پری پریس کا مرحلہ (The Prepress Stage)

پری پریس کے مرحلے میں:

☆......میں آرٹ ورک کو نیگٹو فلم میں امیج سیٹر کے ذریعے ڈیجیٹل فائل امیج کے ذریعے یا پھر کاپی کیمرہ کے ذریعے عکسی آرٹ ورک کی تصویر کھینچ کر تبدیل کیا جاتا ہے۔

☆......صفحات کو ایک فلیٹ میں منتھی کیا جاتا ہے جو کہ اس چیز کی عکاسی کرتا ہے کہ صفحات پریس شیٹ پر کیسے پرنٹ ہوں گے۔

فلیٹ کو پلیٹ پر جلا دیا جاتا ہے:

☆...... فلیٹ کو پلیٹ پر جلانے کے بعد اس کو کیمیکل سے دھویا جاتا ہے۔ اس تیار شدہ پلیٹ کو پریس سلنڈر کے گرد لپیٹ دیا جاتا ہے۔

اس پری فزیبلٹی کے مقصد کیلئے اس عمل میں استعمال ہونے والی مشینری اور آلات کی بہت زیادہ مستقل لاگت اور کم استعمال ہونے کی وجہ سے یہ عمل باہر سے کروایا جائے گا۔

### 5.1.3۔ پرنٹنگ کا مرحلہ(The Printing Stage)

پرنٹنگ کے مرحلے میں عکس کو صفحے پر منتقل کیا جاتا ہے۔ آف سیٹ لیتھوگرافی(Offset lithography) کے اصول کی بنیاد اس پر ہے کہ ''سیاہی اور پانی مکس نہیں ہوتے''۔ کاغذ کے رول سے لئے گئے کاغذ کو جو کہ پہلے سے مشین کے سائز کے مطابق کٹا ہوتا ہے پریس میں ڈال جاتا ہے۔ آف سیٹ پرنٹنگ پریس تیز رفتاری سے پرنٹ کرتی ہیں۔ جب پرنٹنگ پلیٹ تیار ہوجاتی ہے تو پرنٹنگ امیج کو سیاہی جذب کرنے والا اور پانی نہ جذب کرنے والا بنا دیا جاتا ہے جبکہ نہ پرنٹ کئے جانے والے حصے کو سیاہی کو رولوں کے ذریعے پلیٹ پر ڈالا جاتا ہے۔

پریس پر پہلے پانی والے رولوں سے پلیٹوں کو بھگویا جاتا ہے اور پھر سیاہی والے رولوں سے، رولے سیاہی کے فواروں سے پلیٹ پر سیاہی کو تقسیم کرتے ہیں۔ پلیٹوں کا عکس والا حصہ سیاہی کے رولوں سے سیاہی کو اٹھا لیتا ہے۔ پانی کے رولے سیاہی کو پلیٹ کے بغیر عکس والے حصے سے دور رکھتے ہیں۔ ہر پلیٹ پھر اپنا عکس ربڑ کی چادر پر منتقل کر دیتی ہے جو کہ عکس کو صفحے پر منتقل کر دیتی ہے۔ یہ ربڑ کی چادر عکس کو کاغذ پر منتقل کر دیتی ہے۔ پلیٹ خود سے دراصل کاغذ سے نہیں چھُوتی۔ یہ سب کچھ تیز رفتاری سے ہوتا ہے۔ اس عمل کے دوران مشین مین سیاہی کے مرکب کا رنگ کے توازن کو برقرار رکھنے کیلئے معائنہ کرتا ہے۔ پریس چلانے والا پرنٹ کے معیار کا بار بار معائنہ کرتا رہتا ہے۔

**5.1.4۔جلد سازی کا مرحلہ (The Bindery Stage)**

جلد سازی کے مرحلوں میں ضرورت کے مطابق تراشی، تہہ کرنا، سوراخ نکالنا، جوڑنا، سلائی، پرفارٹینگ، کولیٹنگ یا گوند لگانے کا کام سرانجام دیا جاتا ہے۔ زیادہ تر چھپائی کا کارخانہ تراشی اور تہہ لگانے کا کام خود کرتا ہے اور تہہ، سلائی اور گوند لگانے کے کام کیلئے دوسرے جلد سازوں سے کروایا جاتا ہے۔

ایک مخصوص کام جیسے کے 8.5×11 کے نیوز لیٹر میں درج ذیل عوامل سرانجام دیئے جاتے ہیں:


(i) پریس سے پہلے کی کٹائی

(ii) آدھی تہہ لگانا

(iii) دوہری متوازی تہہ کا عمل

اس عمل کو سرانجام دینے کے لئے زیادہ مزدوروں کی معاونت درکار ہے، لہٰذا اس فزیبلٹی میں یہ عمل باہر سے کروایا جائے گا کیونکہ اس کام کو کارخانے میں کرنے کیلئے بائنڈنگ کے متواتر آرڈر درکار ہوں گے۔

## پروڈکشن پراسس فلو ڈایاگرام



## 5.2۔ ابتدائی اور عملی استعداد (Installed and Operational Capacity)

مجوزہ پرنٹنگ پریس یونٹ کی عملی استعداد تین مشینوں کے مجموعہ (یعنی روٹا، سولنا اور ڈیجیٹل پریس) چھپائی کی ٹیکنالوجی کے ساتھ 14,175 نقوش فی گھنٹہ ہے۔ روٹا، سولنا اور ڈیجیٹل پرنٹنگ کی پیداواری صلاحیت 4,000 آئی ایم پی فی گھنٹہ، 10,000 آئی ایم پی فی گھنٹہ اور 175 آئی ایم پی فی گھنٹہ بالترتیب ہوگی۔

ابتدائی طور پر پہلے سال میں یہ پراجیکٹ 60 فیصد پیداواری صلاحیت پر کام کرے گا اور اگلے سالوں میں پیداواری صلاحیت میں اضافے کی شرح 5 فیصد فرض کی گئی ہے۔ زیادہ سے زیادہ یونٹ کی پیداواری صلاحیت عملی استعداد کا 95 فیصد نکالی گئی ہے کیونکہ صفائی اور مشینوں کے تجرباتی طور پر چلانے میں وقت کے ضیاں کی وجہ سے یونٹ کی زیادہ سے زیادہ پیداواری صلاحیت عملی استعداد کا 95 فیصد نکالی گئی ہے۔ یہ یونٹ 8 گھنٹے سنگل شفٹ اور 330 قابل عمل دنوں کی بنیاد پر کام کرے گا۔ ابتدائی اور عملی استعداد کی تفصیل پراڈکٹ مکس کے لحاظ سے مندرجہ ذیل جدول میں دی گئی ہیں۔

جدول نمبر 1: ابتدائی اور عملی استعداد

| مندرجات پراڈکٹ مکس | پیداواری تناسب | پیداواری صلاحیت (یونٹ) | زیادہ سے زیادہ پیداواری صلاحیت (95 فیصد) | پیداواری صلاحیت 1 سال میں (60 فیصد) |
|---|---|---|---|---|
| **سولنا125** | | **26,400,000** | **25,080,000** | **15,840,000** |
| مالیاتی رپورٹ | 25 فیصد | 6,600,000 | 6,270,000 | 3,960,000 |
| بروشر | 15 فیصد | 3,960,000 | 3,762,000 | 2,376,000 |
| کتاب | 50 فیصد | 13,200,000 | 12,540,000 | 7,920,000 |
| پمفلٹ | 5 فیصد | 1,320,000 | 1,254,000 | 792,000 |
| لیٹر ہیڈ | 5 فیصد | 1,320,000 | 1,254,000 | 792,000 |
| روٹا | | **10,560,000** | **10,034,000** | **6,336,000** |
| واؤچرز | 40 فیصد | 4,224,000 | 4,013,000 | 2,534,000 |
| وزیٹنگ کارڈ | 5 فیصد | 528,000 | 502,000 | 317,000 |
| پیکنگ میٹریل | 35 فیصد | 3,696,000 | 3,512,000 | 2,218,000 |
| دعوتی کارڈ | 20 فیصد | 2,112,000 | 2,007,000 | 1,267,000 |
| **ڈیجیٹل پرنٹنگ مشین** | | **462,000** | **439,000** | **277,000** |

## 6۔ انتہائی قابل توجہ امور (CRITICAL FACTORS)

اس کاروبار کی کامیابی کیلئے اہم امور مندرجہ ذیل ہیں:

☆......کاروباری سیکٹر میں روابط، چھپائی کے کارخانے کی کامیابی کیلئے اہم عناصر ہیں کیونکہ اس کاروبار کی بنیاد آرڈر ملنے پر ہے۔

☆......اس کاروبار کو کامیابی سے چلانے کیلئے تکنیکی مہارت بے حد اہم ہے کیونکہ ہنرمند کاریگر ضیاں کو کم کر سکتے ہیں اور مشین کی مرمت کی لاگت، وقت پر آرڈر پورا کرنے اور تیار شدہ مصنوع کے معیار کو یقینی بناتے ہیں۔

☆......کاروبار کے منافع بخش ہونے میں آرڈر کے حجم کی بہت زیادہ اہمیت ہے کیونکہ چھپائی کی اہم لاگت اس کی ڈیزائننگ، تصویر کی ترتیب اور پلیٹ کی تیاری ہے جو کہ مستقل لاگتیں ہیں لہٰذا اگر آرڈر کا حجم بڑا ہوگا تو فی یونٹ لاگت کم ہو جائے گی۔

☆......کمپنی کا منظم اور مختصر تعارف گاہک کی معلومات اور کام کی نوعیت کے ساتھ مارکیٹنگ کے نقطہ نگاہ سے بہت موثر ہے۔ عام طور پر کثیر القومی کمپنیاں کاروبار کا تعارف

(پروفائل) کا مطالعہ آرڈر دینے سے پہلے کرتی ہیں۔

☆......تربیت یافتہ عملے کو مقرر کیا جانا چاہیے اور عملے کی صلاحیت کی تعمیر کیلئے وسیع تربیتی پروگرام اپنائے جائیں۔

☆......اچھی لوکیشن کا محتاط طریقے سے انتخاب اور مسابقتی قیمت پر زمین کی خریداری

## 7۔ جغرافیائی لحاظ سے سرمایہ کاری کے مواقع (GEOGRAPHICAL POTENTIAL FOR INVESTMENT)

چھپائی کے کارخانے کے اہم گاہک صنعتی خریدار ہیں لہٰذا یونٹ کو کسی بھی بڑے صنعتی اور تعلیمی سیکٹر کے اداروں والے شہر میں قائم کیا جاسکتا ہے لہٰذا چھپائی کے کارخانے کو قائم کرنے کیلئے کراچی، لاہور، پشاور، کوئٹہ، فیصل آباد، سیالکوٹ، ملتان، راولپنڈی اور حیدرآباد موزوں شہر ہوسکتے ہیں۔اس کے بعد ہنرمند افراد کی دستیابی، خام مال اور گاہک کی قربت کاروبار کی کامیابی کیلئے نہایت اہم عناصر ہیں۔اس لحاظ سے کراچی، لاہور، سیالکوٹ اور فیصل آباد مجوزہ کاروبار کیلئے سب سے مناسب مقامات ہیں۔

## 8۔ متوقع منڈیاں اور تجارتی علاقے (POTENTIAL TARGET MARKETS / CITIES)

تیار کردہ چھپے ہوئے مواد کے ممکنہ گاہکوں میں مقامی کاروباری مراکز کے خریدار، تعلیمی ادارے اور دیگر دفاتر شامل ہوں گے۔زیادہ تر ممکنہ گاہک کا تعلق کاروباری طبقوں سے ہے لہٰذا بڑے اہم شہروں لاہور، کراچی، پشاور، کوئٹہ، فیصل آباد، سیالکوٹ، راولپنڈی اور حیدرآباد میں کام کرنیوالے کاروباری گاہک مجوزہ کاروبار کی اہم ممکنہ منڈیاں ہوں گے۔

## 9۔ منصوبہ کی کل لاگت کا خلاصہ (PROJECT COST SUMMARY)

چھپائی کے یونٹ کی عملی پذیرائی کو جانچنے کیلئے تفصیلی مالیاتی ماڈل تشکیل دیا گیا ہے اس سیکشن میں مختلف لاگتوں اور آمدنی سے متعلقہ مفروضات کا تجزیہ بیان کیا گیا ہے۔

اس کاروبار کے متوقع آمدن کا گوشوارہ (انکم سٹیٹمنٹ)، گردش نقد کا گوشوارہ (کیش فلو سٹیٹمنٹ) اور نفع ونقصان کا گوشوارہ (بیلنس شیٹ) ضمیمہ جات کے طور پر لف کی گئی ہیں۔

### 9.1۔ معاشی کیفیت (PROJECT ECONOMICS)

اس مالیاتی ماڈل میں تمام اعداد وشمار کا حساب 14,175 نقوش فی گھنٹہ کی چھپائی کی صلاحیت کی بنیاد پر کیا گیا ہے جبکہ یونٹ 8 گھنٹے سنگل شفٹ کی بنیاد پر 330 دن سالانہ عمل میں رہے گا۔ پہلے سال میں استعداد 60 فیصد پر نکالی گئی ہے اور اگلے سالوں میں 5 فیصد سالانہ اضافے کے ساتھ زیادہ سے زیادہ پیداواری صلاحیت 95 فیصد ہوگی۔

مندرجہ ذیل جدول اندرونی شرح منافع، قرض کی مدت واپسی اور موجودہ قدر حاصل کے بارے میں معلومات مہیا کرتا ہے:

**جدول نمبر 2: معاشی کیفیت**

| مندرجات | تفصیلات |
|---|---|
| اندرونی شرح منافع (IRR) | 30 فیصد |
| کل لاگت کی مدت واپسی (Payback Period) | 4.79 سال |
| موجودہ قدر حاصل (NPV) | 5,433,263 روپے |

## 9.2۔ درکار سرمایہ (PROJECT FINANCING)

مندرجہ ذیل جدول درکار ذاتی سرمائے اور بینک قرض سے متعلق متغیر کی تفصیلات فراہم کرتا ہے:

**جدول نمبر 3:** درکار سرمایہ

| مندرجات | تفصیلات |
|---|---|
| ذاتی سرمایہ (50 فیصد) | 3,591,751 روپے |
| بینک کا قرضہ (50 فیصد) | 3,591,751 روپے |
| بینک کے قرضے پر شرح منافع (سالانہ) (طویل المدتی) | 16 فیصد |
| قرضہ کی مدت | 5 سال |

## 9.3۔ کل لاگت کاروبار (PROJECT COST)

مجوزہ کاروبار کے عمل کے لئے مندرجہ ذیل درکار مستقل اور گردشی سرمائے کی ضروریات کی نشاندہی کی گئی ہے:

**جدول نمبر 4:** کل لاگت کاروبار

| مندرجات | رقم (روپے) |
|---|---|
| **مستقل لاگت** | |
| مشینری اور آلات | 4,205,000 |
| فرنیچر اور فکسچرز | 553,500 |
| دفتری ساز و سامان | 211,250 |
| قبل از پیداوار لاگت | 208,880 |
| سکیورٹی ڈیپازٹ | 195,000 |
| **کل مستقل لاگت** | **5,373,630** |
| **گردشی سرمایہ** | |
| خام مال کی انوینٹری | 1,269,395 |
| آلات کے سپیئر پارٹس کی انوینٹری | 45,478 |
| بلڈنگ کا پیشگی کرایہ | 195,000 |
| نقد | 300,000 |
| **کل گردشی سرمایہ** | **1,809,873** |
| **کل لاگت کاروبار** | **7,183,503** |

## 9.4۔ درکار زمین (SPACE REQUIREMENT)

تجویز کردہ پرنٹنگ پریس 3 مشینوں کی تنصیب کے ساتھ قائم کرنے کیلئے تقریباً 1,450 مربع فٹ رقبہ درکار ہے۔ اس پراجیکٹ کیلئے کورڈ ایریا (Covered Area) کی تفصیلات مندرجہ ذیل جدول میں دی گئی ہیں:

**جدول نمبر 5: درکار زمین**

| مندرجات | تفصیلات (رقبہ مربع فٹ) |
|---|---|
| ڈیزائن سیکشن | 150 |
| پرنٹنگ ہال | 700 |
| کٹنگ ہال | 200 |
| مالک کا دفتر | 100 |
| اکاؤنٹ اور ایڈمن آفس | **150** |
| سٹور | **150** |
| **ٹوٹل** | **1,450** |

ابتدائی مستقل سرمایہ کاری کو کم کرنے کیلئے یہ تجویز دی جاتی ہے کہ اس کاروبار کو کرائے کی بلڈنگ میں شروع کیا جائے گا۔ اس پراجیکٹ کیلئے 65,000 روپے ماہانہ کرائے کا تخمینہ لگایا گیا ہے۔ اس کے علاوہ 3 ماہ کا کرایہ بطور ایڈوانس ادا کیا جائے گا۔

## 9.5۔ درکار مشینری اور آلات (MACHINERY AND EQUIPMENT REQUIREMENT)

یہ پراجیکٹ مشین سے کئے جانے والے کام پر مبنی ہے اور حاصل کئے جانے والے آرڈر کی نوعیت کا زیادہ تر دارومدار مشینری کی دستیابی پر ہے لہٰذا مشینری کا انتخاب اس پراجیکٹ میں نہایت اہمیت کا حامل ہے۔ اس منصوبے کیلئے درکار مشینری کی تفصیلات مندرجہ ذیل ہیں۔ ان مشینوں کی تکنیکی تفصیلات مندرجہ ذیل جدول میں دی گئی ہے۔

**جدول نمبر 6: درکار مشینری اور آلات**

| مندرجات | تعداد | لاگت فی یونٹ (روپے) | کل لاگت (روپے) | دستیابی |
|---|---|---|---|---|
| آف سیٹ پرنٹنگ مشین (روٹا) ری کنڈیشنڈ | 1 | 400,000 | 400,000 | درآمدشدہ/ مقامی طور پر دستیاب |
| آف سیٹ پرنٹنگ مشین (سولنا 125 سویڈن ری کنڈیشنڈ) | 1 | 1,000,000 | 1,000,000 | درآمدشدہ/ مقامی طور پر دستیاب |
| کٹنگ مشین (920mm) | 1 | 120,000 | 120,000 | مقامی بنی ہوئی |
| ڈائی کٹنگ مشین (660*930) | 1 | 120,000 | 120,000 | مقامی بنی ہوئی |
| ڈیجیٹل پرنٹنگ مشین | 1 | 1,515,000 | 1,515,000 | درآمدشدہ |
| جنریٹر سیٹ (45 کے وی اے) | 1 | 600,000 | 600,000 | مقامی بنی ہوئی |
| سٹیبلائزر (ڈیجیٹل مشین کیلئے) | 1 | 450,000 | 450,000 | مقامی |
| **ٹوٹل** | | | **4,205,000** | |

جدول نمبر 7: مشینوں کی تکنیکی تفصیلات

| مشین | زیادہ سے زیادہ شیٹ کا سائز (mm) | زیادہ سے زیادہ گنجائش آئی ایم پی/فی گھنٹہ | تنصیب کیلئے رقبہ (L*M) ایم ایم | توانائی (کلوواٹ) | متوقع معیاد |
|---|---|---|---|---|---|
| روٹا | 345*454 | 6,000 | 1840*1030 | 1.15 | 20 |
| سولنا 125 | 483*640 | 8,000 | 1960*1304 | 3.70 | 20 |
| XEROX ڈیجیٹل پرنٹنگ مشین DC5000 | 320*488 | 3,000 PP/Hr | 2,400*2,400 | 200-240 Vac, 50/60 Hz, 30A | 20 |

اوپر بیان کردہ مشینری کے علاوہ ''رونالڈ'' اور ''ہمادا'' برانڈ کی جدید اور موثر ترین متبادل ٹیکنالوجیز یعنی (آف سیٹ پرنٹنگ مشین) بھی مارکیٹ میں دستیاب ہیں تاہم ان مشینوں کی قیمتیں تجویز کردہ مشینوں کی مقابلے میں زیادہ ہیں۔

یہ تجویز کیا جاتا ہے کہ ابتدا میں پراجیکٹ کو مذکورہ بالا مشینوں کے ساتھ شروع کیا جائے اور بعد میں کاروبار میں ترقی کے ساتھ جدید ترین ٹیکنالوجی کو اپنانے کو ترجیح دی جائے۔

## 9.6۔ درکار فرنیچر اور فکسچرز (FURNITUER AND FIXTURE REQUIREMENT)

مجوزہ یونٹ کیلئے فرنیچر اور فکسچرز کی تفصیل مندرجہ ذیل جدول میں دی گئی ہے:

جدول نمبر 8: فرنیچرز اور فکسچرز

| مندرجات | تعداد | لاگت فی کس (روپے) | کل لاگت (روپے) |
|---|---|---|---|
| فرنیچر | 1 | 150,000 | 150,000 |
| انٹیریئر ڈیزائننگ | 400 | 250 | 100,000 |
| الیکٹرک وائرنگ اینڈ لائٹنگ | 1 | 100,000 | 100,000 |
| ایئر کنڈیشنر (1.5 ٹن سپلٹ) | 3 | 60,000 | 180,000 |
| پنکھے | 7 | 2,500 | 17,500 |
| ٹیوب لائٹ | 12 | 500 | 6,000 |
| ٹوٹل | | | 553,500 |

## 9.7۔ درکار دفتری آلات (OFFICE EQUIPMENT REQUIRED)

مندرجہ ذیل جدول میں دفتری آلات کی تفصیل دی گئی ہے:

**جدول نمبر 9:** درکار دفتری آلات

| مندرجات | تعداد | لاگت فی یونٹ (روپے) | کل لاگت (روپے) |
|---|---|---|---|
| لیپ ٹاپ | 4 | 42,000 | 168,000 |
| کلر پرنٹر (Desk Jet HP) | 1 | 15,750 | 15,750 |
| پرنٹر مونو لیزر جیٹ HP | 1 | 8,000 | 8,000 |
| سکینر فلیٹ بیڈ (BEN Q) | 1 | 7,500 | 7,500 |
| فیکس مشین | 1 | 12,000 | 12,000 |
| ٹوٹل | | | 211,250 |

## 9.8۔ درکار خام مال (RAW MATERIAL REQUIREMENT)

صفحات، پلیٹیں اور مختلف رنگوں کی سیاہی، چھپائی کے مقاصد کیلئے استعمال ہونے والے اہم اجزاء ہیں۔ درآمد شدہ اور مقامی صفحہ اور گتہ اس صنعت میں استعمال کیا جا رہا ہے۔ درآمد شدہ صفحہ عام طور پر سالانہ رپورٹ، بروشرز، کیٹلاگ، پراسپیکٹس اور وزیٹنگ کارڈ کیلئے استعمال ہوتا ہے۔ درآمد شدہ کاغذ بھی مقامی مارکیٹ میں آسانی سے دستیاب ہے۔

زیادہ تر کام آرڈر پر تیار ہوتا ہے لہٰذا خام مال کی انوینٹری کو آرڈر کی نوعیت اور دائرہ کار کے مطابق برقرار رکھا جاتا ہے۔ مختلف اقسام کے صفحات کی ترتیب اور یونٹ کیلئے دیگر درکار خام مال مندرجہ ذیل جدول میں فراہم کئے گئے ہیں:

**جدول نمبر 10:** درکار خام مال

| مندرجات | یونٹ | لاگت فی یونٹ (روپے) | دستیابی |
|---|---|---|---|
| میٹ آرٹ پیپر 135 گرام | Rim | 4,800 | درآمد شدہ |
| میٹ آرٹ پیپر 115 گرام | Rim | 4,830 | درآمد شدہ |
| میٹ آرٹ پیپر 310 گرام | Rim | 2,400 | درآمد شدہ |
| آف سیٹ پیپر 100 گرام | Rim | 3,360 | درآمد شدہ |
| آرٹ کارڈ 310 گرام | Rim | 2,520 | درآمد شدہ |
| فلائنگ پیپر 68 گرام | Rim | 1,785 | لوکل |
| پلیٹ | Rim | 174 | درآمد شدہ |

## 9.9۔ درکار افرادی قوت (HUMAN RESOURCE REQUIREMENT)

یہ پراجیکٹ مشین پر مبنی ہے لیکن ہنرمند افراد مشین مین، مشینوں کو موثر طریقے سے چلانے کیلئے درکار ہیں۔ صفحات اور سیاہی کے ضیاں سے بچنے، مشینوں کی مرمتی لاگت میں کمی اور مشینوں کے دیرپا چلنے میں ہنرمند مشین کا کردار بہت اہم ہے۔ یہ مصنوع کے معیار کو بہتر کرے گا اور آرڈر کو بروقت پورا کرنے میں مددگار ثابت ہوگا اور گاہکوں میں اچھا امیج قائم کرنے میں بھی معاون ثابت ہوگا۔

مجوزہ کارخانے کو باآسانی چلانے کیلئے تجویز کردہ درکار افرادی قوت ان کی مجوزہ ماہانہ تنخواہ کے ساتھ کی تفصیلات مندرجہ ذیل ہیں:

**جدول نمبر 11: درکار افرادی قوت**

| مندرجات | ملازمین کی تعداد | تنخواہ (ماہانہ) |
|---|---|---|
| مالک/منیجر | 1 | 40,000 |
| گرافک ڈیزائنر | 1 | 35,000 |
| اکاؤنٹ آفیسر | 1 | 18,000 |
| سپروائزر | 1 | 20,000 |
| کمپوزر | 2 | 17,000 |
| مشین مین | 3 | 14,000 |
| کٹنگ ماسٹر | 1 | 12,000 |
| آفس بوائے | 1 | 12,000 |
| سکیورٹی گارڈ | 2 | 13,000 |
| **ٹوٹل** | **13** | |

## 9.10۔ متفرق لاگتیں ( OTHER COSTS)

اس پراجیکٹ میں اہم ترین لاگت بجلی اور جنریٹر کے لئے ڈیزل کے اخراجات ہیں جو کہ عمل کے پہلے سال میں 1 لاکھ روپے فرض کئے گئے ہیں۔ اگلے سالوں میں بجلی اور ڈیزل کے اخراجات میں 10 فیصد اضافہ فرض کیا گیا ہے۔ اسی طرح سفری اخراجات، انتظامی اخراجات کا دس فیصد نکالے گئے ہیں اور مواصلاتی اخراجات کا تخمینہ 8 ہزار روپے ماہانہ لگایا گیا ہے۔ مزید برآں تشہیری اخراجات جو کہ یونٹ مارکیٹنگ کیلئے ضروری ہیں کل آمدنی کا 1 فیصد نکالے گئے ہیں۔

## 9.11۔ آمدن۔ متوقع آمدن اور پیداوار ( REVENUE GENERATION)

مندرجہ ذیل جدول عمل کے پہلے سال میں 60 فیصد پیداواری صلاحیت کے ساتھ آمدن کے مفروضات مہیا کرتا ہے:

**جدول نمبر 12: آمدن۔ متوقع آمدن اور پیداوار (پہلے سال)**

| مندرجات | نقوش<br>عمل کے پہلے سال | قیمت فروخت فی نقوش | کل فروخت<br>پہلے سال کے دوران |
|---|---|---|---|
| فنانشل رپورٹ | 36,000 | 207.22 | 7,459,825 |

| | | | |
|---|---|---|---|
| 6,518,700 | 36.22 | 180,000 | بروشر |
| 1,079,993 | 203.13 | 54,545 | کتاب |
| 2,012,868 | 5.59 | 360,000 | پمفلٹ |
| 3,855,456 | 2.68 | 1,440,000 | لیٹر ہیڈ |
| 10,269,896 | 2.23 | 4,608,000 | واؤچر |
| 1,146,142 | 1.99 | 576,000 | وزیٹنگ کارڈ |
| 2,550,237 | 6.85 | 372,230 | پیکنگ میٹریل |
| 1,520,605 | 37.06 | 41,030 | دعوتی کارڈ |
| 8,861,160 | 31.97 | 277,200 | ڈیجیٹل پرنٹ |
| **55,274,880** | | | **ٹوٹل** |

## 10۔ ماہرین و مشیران (CONTACT DETAILS)

### 10.1۔ مشینری کے سپلائرز

| ای میل/ویب سائٹ | فون/فیکس | پتہ | سپلائر کا نام |
|---|---|---|---|
| **pme@super.net.pk** | **+92-21-34551798**<br>**34522776**<br>**Fax: +92-21-34522786** | 303، عامر ٹریڈ سنٹر، 233-1A، پی ای سی ایچ ایس، بلاک II، شاہراہ قائدین، کراچی | پاکستان مشینری اینڈ ایکویپمنٹ کمپنی پرائیویٹ لمیٹڈ |
| **ppe@ppecl.com** | **+92-21-35656981**<br>**35656982**<br>**Fax: +92-21-35653620** | سی 11/3، سڈکو ایونیو سنٹر، 264 آر اے لائنز، سٹریچن روڈ، کراچی | پاکستان پرنٹنگ ایکویپمنٹ کمپنی پرائیویٹ لمیٹڈ |
| **pme@super.net.pk** | **+92-21-34551798**<br>**34522776**<br>**Fax: +92-21-34522786** | 303، عامر ٹریڈ سنٹر، 233-1A، پی ای سی ایچ ایس، بلاک II، شاہراہ قائدین، کراچی | پاکستان مشینری اینڈ ایکویپمنٹ کمپنی پرائیویٹ لمیٹڈ |

| | | | |
|---|---|---|---|
| پاکستان پرنٹنگ ایکوپمنٹ کمپنی پرائیویٹ لمیٹڈ | سی 11/3، سڈکو ایونیو سنٹر 264 آر اے لائنز سٹریچن روڈ، کراچی | +92-21-35656981 35656982 Fax: +92-21-35653620 | ppe@ppecl.com |

## 10.2۔ خام مال کے سپلائرز

پیپر، پلیٹس اور سیاہی کے چند معروف سپلائرز کی تفصیل نیچے دی گئی ہے:

| نام | پتہ | فون نمبر/فیکس نمبر | ای میل/ ویب سائٹ |
|---|---|---|---|
| اکبری پیپر سٹور | 15، شاہراہ ملت، گنپت روڈ لاہور | 92-42-7232599 | 92-42-7236484 |
| جاوید کمرشل کارپوریشن | 4 احتشام چیمبرز، پیپر مارکیٹ، شاہراہ ملت، لاہور | 92-42- 7248509 7357635 | 92-42-7244671 |
| گرافو سکین سپلائز پرائیویٹ لمیٹڈ | کاشف سنٹر، سیکنڈ فلور، 55-A چیمبر لین روڈ، لاہور | 92-42-7232582 7351200 | 92-42-7351100 |
| رائل پیپر ہاؤس | 10 رائل پارک، لاہور | 92-42-6313265 6363266 | 92-42-6363266 |
| زیپ ٹریڈرز | پیپر مارکیٹ، 473 شاہراہ لیاقت، کراچی | 92-21-2621423 2628387 | |

## 11۔ کارآمد روابط (USEFUL LINKS)

| | |
|---|---|
| سمال اینڈ میڈیم انٹرپرائزز ڈویلپمنٹ اتھارٹی (سمیڈا) | www.smeda.org.pk |
| گورنمنٹ آف پاکستان | www.pakistan.gov.pk |
| منسٹری آف انڈسٹریز اینڈ پروڈکشن | www.moip.com.pk |
| گورنمنٹ آف پنجاب | www.punjab.gov.pk |
| گورنمنٹ آف سندھ | www.sindh.gov.pk |
| گورنمنٹ آف خیبر پختونخوا | www.khyberpakhtunkhwa.gov.pk |
| گورنمنٹ آف بلوچستان | www.balochistan.gov.pk |
| گورنمنٹ آف گلگت بلتستان | www.gilgitbaltistan.gov.pk |
| گورنمنٹ آف آزاد جموں اینڈ کشمیر | wwwlajk.gov.pk |
| ٹریڈ ڈویلپمنٹ اتھارٹی آف پاکستان (ٹی ڈی اے پی) | www.tdap.gov.pk |
| سیکیورٹی کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) | www.secp.gov.pk |
| فیڈریشن آف پاکستان چیمبرز آف کامرس اور انڈسٹری (ایف پی سی سی آئی) | www.fpcci.com.pk |

| | |
|---|---|
| www.sbp.org.pk | سٹیٹ بینک آف پاکستان (ایس بی پی) |
| www.psic.gop.pk | پنجاب سمال انڈسٹریز کارپوریشن |
| www.ssic.gos.pk | سندھ سمال انڈسٹریز کارپوریشن |
| www.pvtc.gop.pk | پنجاب ووکیشنل ٹریننگ کونسل (پی وی ٹی سی) |
| www.tevta.org | ٹیکنیکل ایجوکیشن اینڈ ووکیشنل ٹریننگ اتھارٹی (ٹی ای وی ای ٹی اے) |
| www.pie.com.pk | پنجاب انڈسٹریل اسٹیٹ (پی آئی ای) |
| www.fiedmc.com.pk | فیصل آباد انڈسٹریل اسٹیٹ ڈویلپمنٹ اینڈ مینجمنٹ کمپنی (ایف آئی ای ڈی ایم سی) |
| www.papgai.pk | پاکستان ایسوسی ایشن آف پرنٹنگ اینڈ گرافک آرٹس انڈسٹری (پی اے پی جی اے آئی) |
| www.printpak.com.pk | پرنٹ پاک |
| www.nca.edu.pk | نیشنل کالج آف آرٹس (این سی اے) |

## 12- ضمیمہ جات (ANNEXURES)

### 12.1-آمدن کا گوشوارہ (INCOME STATEMENT)

**Calculations** — **SMEDA**

**Income Statement**

| | Year 1 | Year 2 | Year 3 | Year 4 | Year 5 | Year 6 | Year 7 | Year 8 | Year 9 | Year 10 |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| Revenue | 55,274,880 | 65,869,131 | 78,029,729 | 91,963,544 | 107,904,057 | 126,112,710 | 146,884,413 | 170,548,934 | 187,603,828 | 206,364,210 |
| | | | | | | | | | | |
| *Cost of sales* | | | | | | | | | | |
| Cost of goods sold 1 | 45,698,203 | 54,456,952 | 64,510,644 | 76,030,361 | 89,209,073 | 104,262,991 | 121,435,859 | 141,000,387 | 155,100,426 | 170,610,469 |
| Operation costs 1 (direct labor) | 1,260,000 | 1,419,142 | 1,557,549 | 1,709,421 | 1,876,070 | 2,058,938 | 2,259,604 | 2,479,804 | 2,725,226 | 2,990,558 |
| Operating costs 2 (machinery maintenance) | 1,091,475 | 1,334,978 | 1,581,677 | 1,864,367 | 2,187,777 | 2,557,226 | 2,978,687 | 3,458,868 | 3,810,326 | 4,191,358 |
| Operating costs 3 (direct electricity + Gen Expen) | 1,200,000 | 1,320,000 | 1,452,000 | 1,597,200 | 1,756,920 | 1,932,612 | 2,125,873 | 2,338,461 | 2,572,307 | 2,829,537 |
| Total cost of sales | 49,249,678 | 58,531,071 | 69,101,870 | 81,201,349 | 95,029,841 | 110,811,767 | 128,800,023 | 149,277,520 | 164,208,284 | 180,621,922 |
| Gross Profit | 6,025,203 | 7,338,060 | 8,927,859 | 10,762,195 | 12,874,216 | 15,300,943 | 18,084,390 | 21,271,414 | 23,395,544 | 25,742,289 |
| | | | | | | | | | | |
| *General administration & selling expenses* | | | | | | | | | | |
| Administration expense | 1,572,000 | 1,725,052 | 1,893,006 | 2,077,311 | 2,279,561 | 2,501,503 | 2,745,052 | 3,012,315 | 3,305,598 | 3,627,436 |
| Administration benefits expense | 47,160 | 51,752 | 56,790 | 62,319 | 68,387 | 75,045 | 82,352 | 90,369 | 99,168 | 108,823 |
| Building rental expense | 780,000 | 858,000 | 943,800 | 1,038,180 | 1,141,998 | 1,256,198 | 1,381,818 | 1,519,999 | 1,671,999 | 1,839,199 |
| Electricity expense | 600,000 | 660,000 | 726,000 | 798,600 | 878,460 | 966,306 | 1,062,937 | 1,169,230 | 1,286,153 | 1,414,769 |
| Water expense | 60,000 | 66,000 | 72,600 | 79,860 | 87,846 | 96,631 | 106,294 | 116,923 | 128,615 | 141,477 |
| Travelling expense | 157,200 | 172,505 | 189,301 | 207,731 | 227,956 | 250,150 | 274,505 | 301,231 | 330,560 | 362,744 |
| Communications expense (phone, fax, mail, internet, etc.) | 96,000 | 105,600 | 116,160 | 127,776 | 140,554 | 154,609 | 170,070 | 187,077 | 205,785 | 226,363 |
| Office expenses (stationary, entertainment, janitorial services, etc | 78,600 | 86,253 | 94,650 | 103,866 | 113,978 | 125,075 | 137,253 | 150,616 | 165,280 | 181,372 |
| Promotional expense | 552,749 | 658,691 | 780,297 | 919,635 | 1,079,041 | 1,261,127 | 1,468,844 | 1,705,489 | 1,876,038 | 2,063,642 |
| Professional fees (legal, audit, consultants, etc.) | 276,374 | 329,346 | 390,149 | 459,818 | 539,520 | 630,564 | 734,422 | 852,745 | 938,019 | 1,031,821 |
| Depreciation expense | 496,975 | 496,975 | 496,975 | 496,975 | 496,975 | 496,975 | 496,975 | 496,975 | 496,975 | 496,975 |
| Amortization of pre-operating costs | 41,776 | 41,776 | 41,776 | 41,776 | 41,776 | - | - | - | - | - |
| Bad debt expense | 276,374 | 329,346 | 390,149 | 459,818 | 539,520 | 630,564 | 734,422 | 852,745 | 938,019 | 1,031,821 |
| Subtotal | 5,035,209 | 5,581,295 | 6,191,652 | 6,873,665 | 7,635,572 | 8,444,746 | 9,394,943 | 10,455,714 | 11,442,209 | 12,526,441 |
| Operating Income | 989,994 | 1,756,765 | 2,736,207 | 3,888,530 | 5,238,644 | 6,856,197 | 8,689,447 | 10,815,700 | 11,953,334 | 13,215,848 |
| | | | | | | | | | | |
| Earnings Before Interest & Taxes | 989,994 | 1,756,765 | 2,736,207 | 3,888,530 | 5,238,644 | 6,856,197 | 8,689,447 | 10,815,700 | 11,953,334 | 13,215,848 |
| | | | | | | | | | | |
| Interest on short term debt | 125,543 | 184,376 | 58,833 | - | - | - | - | - | - | - |
| Interest expense on long term debt (Project Loan) | 429,890 | 367,380 | 294,869 | 210,755 | 113,183 | - | - | - | - | - |
| Interest expense on long term debt (Working Capital Loan) | 80,331 | - | - | - | - | - | - | - | - | - |
| Subtotal | 635,765 | 551,757 | 353,702 | 210,755 | 113,183 | - | - | - | - | - |
| Earnings Before Tax | 354,229 | 1,205,009 | 2,382,505 | 3,677,775 | 5,125,461 | 6,856,197 | 8,689,447 | 10,815,700 | 11,953,334 | 13,215,848 |
| | | | | | | | | | | |
| Tax | - | 103,251 | 324,001 | 641,943 | 1,060,138 | 1,622,168 | 2,263,806 | 3,007,994 | 3,406,166 | 3,848,046 |
| **NET PROFIT/(LOSS) AFTER TAX** | **354,229** | **1,101,757** | **2,058,504** | **3,035,831** | **4,065,323** | **5,234,029** | **6,425,641** | **7,807,705** | **8,547,168** | **9,367,802** |

## 12.2۔اثاثوں اورواجبات کا گوشوارہ (BALANCE SHEET)

**Calculations** — **SMEDA**

**Balance Sheet**

| | Year 0 | Year 1 | Year 2 | Year 3 | Year 4 | Year 5 | Year 6 | Year 7 | Year 8 | Year 9 | Year 10 |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| **Assets** | | | | | | | | | | | |
| *Current assets* | | | | | | | | | | | |
| Cash & Bank | 300,000 | - | - | 430,577 | 2,356,977 | 4,968,388 | 9,108,492 | 14,061,951 | 20,406,886 | 27,142,075 | 48,148,447 |
| Accounts receivable | | 1,514,380 | 1,659,507 | 1,971,217 | 2,328,675 | 2,737,912 | 3,205,709 | 3,739,687 | 4,348,402 | 4,906,202 | 5,396,822 |
| Finished goods inventory | | 1,407,134 | 1,629,345 | 1,923,312 | 2,259,778 | 2,644,309 | 3,083,142 | 3,583,308 | 4,152,669 | 4,561,341 | 5,017,276 |
| Equipment spare part inventory | 45,478 | 58,405 | 72,658 | 89,927 | 110,802 | 135,989 | 166,322 | 202,791 | 234,566 | 270,924 | - |
| Raw material inventory | 1,269,395 | 1,663,962 | 2,168,274 | 2,811,011 | 3,628,083 | 4,664,350 | 5,975,862 | 7,632,496 | 9,235,320 | 11,174,738 | - |
| Pre-paid building rent | 195,000 | 214,500 | 235,950 | 259,545 | 285,500 | 314,049 | 345,454 | 380,000 | 418,000 | 459,800 | - |
| Total Current Assets | 1,809,873 | 4,858,382 | 5,765,734 | 7,485,590 | 10,969,815 | 15,464,997 | 21,884,982 | 29,600,233 | 38,795,844 | 48,515,080 | 58,562,545 |
| *Fixed assets* | | | | | | | | | | | |
| Security Deposit | 195,000 | 195,000 | 195,000 | 195,000 | 195,000 | 195,000 | 195,000 | 195,000 | 195,000 | 195,000 | 195,000 |
| Machinery & equipment | 4,205,000 | 3,784,500 | 3,364,000 | 2,943,500 | 2,523,000 | 2,102,500 | 1,682,000 | 1,261,500 | 841,000 | 420,500 | - |
| Furniture & fixtures | 553,500 | 498,150 | 442,800 | 387,450 | 332,100 | 276,750 | 221,400 | 166,050 | 110,700 | 55,350 | - |
| Office equipment | 211,250 | 190,125 | 169,000 | 147,875 | 126,750 | 105,625 | 84,500 | 63,375 | 42,250 | 21,125 | - |
| Total Fixed Assets | 5,164,750 | 4,667,775 | 4,170,800 | 3,673,825 | 3,176,850 | 2,679,875 | 2,182,900 | 1,685,925 | 1,188,950 | 691,975 | 195,000 |
| *Intangible assets* | | | | | | | | | | | |
| Pre-operation costs | 208,880 | 167,104 | 125,328 | 83,552 | 41,776 | - | - | - | - | - | - |
| Total Intangible Assets | 208,880 | 167,104 | 125,328 | 83,552 | 41,776 | - | - | - | - | - | - |
| **TOTAL ASSETS** | **7,183,503** | **9,693,261** | **10,061,862** | **11,242,967** | **14,188,441** | **18,144,872** | **24,067,882** | **31,286,158** | **39,984,794** | **49,207,055** | **58,757,545** |
| **Liabilities & Shareholders' Equity** | | | | | | | | | | | |
| *Current liabilities* | | | | | | | | | | | |
| Accounts payable | | 1,993,646 | 2,384,912 | 2,835,339 | 3,354,806 | 3,953,309 | 4,642,290 | 5,434,925 | 6,325,855 | 7,000,948 | 7,183,637 |
| Short term debt | - | 1,457,507 | 794,440 | - | - | - | - | - | - | - | - |
| Total Current Liabilities | - | 3,451,153 | 3,179,352 | 2,835,339 | 3,354,806 | 3,953,309 | 4,642,290 | 5,434,925 | 6,325,855 | 7,000,948 | 7,183,637 |
| *Other liabilities* | | | | | | | | | | | |
| Long term debt (Project Loan) | 2,686,815 | 2,296,127 | 1,842,929 | 1,317,219 | 707,395 | - | - | - | - | - | - |
| Long term debt (Working Capital Loan) | 904,936 | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - |
| Total Long Term Liabilities | 3,591,751 | 2,296,127 | 1,842,929 | 1,317,219 | 707,395 | - | - | - | - | - | - |
| *Shareholders' equity* | | | | | | | | | | | |
| Paid-up capital | 3,591,751 | 3,591,751 | 3,591,751 | 3,591,751 | 3,591,751 | 3,591,751 | 3,591,751 | 3,591,751 | 3,591,751 | 3,591,751 | 3,591,751 |
| Retained earnings | | 354,229 | 1,447,830 | 3,498,657 | 6,534,489 | 10,599,812 | 15,833,841 | 22,259,482 | 30,067,187 | 38,614,355 | 47,982,157 |
| Total Equity | 3,591,751 | 3,945,981 | 5,039,581 | 7,090,409 | 10,126,240 | 14,191,563 | 19,425,592 | 25,851,233 | 33,658,939 | 42,206,107 | 51,573,908 |
| **TOTAL CAPITAL AND LIABILITIES** | **7,183,503** | **9,693,261** | **10,061,862** | **11,242,967** | **14,188,441** | **18,144,872** | **24,067,882** | **31,286,158** | **39,984,794** | **49,207,055** | **58,757,545** |

## 12.3۔گردش نقد کا گوشوارہ (CASH FLOW STATEMENT)

**Calculations** — **SMEDA**

**Cash Flow Statement**

| | Year 0 | Year 1 | Year 2 | Year 3 | Year 4 | Year 5 | Year 6 | Year 7 | Year 8 | Year 9 | Year 10 |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| *Operating activities* | | | | | | | | | | | |
| Net profit | | 354,229 | 1,093,601 | 2,050,827 | 3,035,831 | 4,065,323 | 5,234,029 | 6,425,641 | 7,807,705 | 8,547,168 | 9,367,802 |
| Add: depreciation expense | | 496,975 | 496,975 | 496,975 | 496,975 | 496,975 | 496,975 | 496,975 | 496,975 | 496,975 | 496,975 |
| amortization of pre-operating costs | | 41,776 | 41,776 | 41,776 | 41,776 | 41,776 | - | - | - | - | - |
| Accounts receivable | | (1,514,380) | (145,127) | (311,710) | (357,458) | (409,237) | (467,797) | (533,977) | (608,715) | (557,800) | (490,620) |
| Finished goods inventory | | (1,407,134) | (222,211) | (293,968) | (336,465) | (384,531) | (438,834) | (500,166) | (569,361) | (408,672) | (455,934) |
| Equipment inventory | (45,478) | (12,927) | (14,253) | (17,268) | (20,876) | (25,187) | (30,333) | (36,469) | (31,775) | (36,358) | 270,924 |
| Raw material inventory | (1,269,395) | (394,568) | (504,312) | (642,737) | (817,072) | (1,036,266) | (1,311,512) | (1,656,634) | (1,602,824) | (1,939,417) | 11,174,738 |
| Pre-paid building rent | (195,000) | (19,500) | (21,450) | (23,595) | (25,955) | (28,550) | (31,405) | (34,545) | (38,000) | (41,800) | 459,800 |
| Accounts payable | | 1,993,646 | 391,266 | 450,427 | 519,467 | 598,503 | 688,981 | 792,634 | 890,931 | 675,093 | 182,688 |
| Cash provided by operations | (1,509,873) | (461,883) | 1,116,265 | 1,750,727 | 2,536,224 | 3,318,806 | 4,140,105 | 4,953,459 | 6,344,935 | 6,735,189 | 21,006,372 |
| *Financing activities* | | | | | | | | | | | |
| Project Loan - principal repayment | | (390,688) | (453,198) | (525,710) | (609,824) | (707,395) | - | - | - | - | - |
| Working Capital Loan - principal repayment | | (904,936) | - | - | - | - | - | - | - | - | - |
| Short term debt principal repayment | | - | (1,457,507) | (794,440) | - | - | - | - | - | - | - |
| Additions to Project Loan | 2,686,815 | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - |
| Additions to Working Capital Loan | 904,936 | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - |
| Issuance of shares | 3,591,751 | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - |
| Purchase of (treasury) shares | | | | | | | | | | | |
| Cash provided by / (used for) financing activities | 7,183,503 | (1,295,624) | (1,910,706) | (1,320,150) | (609,824) | (707,395) | - | - | - | - | - |
| *Investing activities* | | | | | | | | | | | |
| Capital expenditure | (5,373,630) | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - |
| Acquisitions | | | | | | | | | | | |
| Cash (used for) / provided by investing activities | (5,373,630) | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - |
| NET CASH | 300,000 | (1,757,507) | (794,440) | 430,577 | 1,926,400 | 2,611,410 | 4,140,105 | 4,953,459 | 6,344,935 | 6,735,189 | 21,006,372 |

## 13۔ کلیدی مفروضے (Key Assumptions)

### 13.1۔ روزمرہ کے اخراجات کا مفروضہ

| مندرجات | تفصیلات |
|---|---|
| مشینری کی بحالی کے اخراجات | پیداوار کا 0.05 روپے فی یونٹ |
| دفتری اخراجات (دفتری دیکھ بھال، سٹیشنری، انٹرٹینمنٹ وغیرہ) | انتظامی اخراجات کا 5 فیصد |
| نقل وحمل کے اخراجات | 8,000 روپے ماہانہ |
| سفری اخراجات | انتظامی اخراجات کا 10 فیصد |
| تشہیری اخراجات | آمدنی کا 1 فیصد |
| روزمرہ اخراجات میں شرح اضافہ | 10 فیصد |
| فرسودگی کا طریقہ کار | سٹریٹ لائن |
| شرح فرسودگی (فرنیچر، فکسچر ز اور دفتری ساز و سامان پر) | 10 فیصد |

### 13.2۔ پیداواری مفروضات

| مندرجات | تفصیلات |
|---|---|
| قابل عمل دن (سالانہ) | 330 دن |
| کام کے اوقات کار (روزانہ) | 8 |
| شفٹ کی تعداد | 1 |
| پرنٹنگ مشین کی پیداواری صلاحیت | 14,175 |
| عمل کے پہلے سال پیداواری صلاحیت | 60 فیصد |
| پیداواری صلاحیت میں اضافہ کی شرح (سالانہ) | 5 فیصد |
| زیادہ سے زیادہ پیداواری صلاحیت | 95 فیصد |
| قیمت فروخت میں اضافہ کی شرح | 10 فیصد |

## 13.3 ۔ آمدنی کے مفروضات

| مندرجات | تفصیلات |
|---|---|
| قیمت فروخت میں اضافہ کی شرح | 10 فیصد |
| منافع کی شرح | |
| فنانشل رپورٹ | 25 فیصد |
| بروشرز | 15 فیصد |
| کتابیں | 50 فیصد |
| پمفلٹ | 5 فیصد |
| لیٹر ہیڈ | 5 فیصد |
| واؤچرز | 40 فیصد |
| وزیٹنگ کارڈ | 5 فیصد |
| پیکنگ میٹریل | 35 فیصد |
| دعوتی کارڈ | 20 فیصد |

## 13.4۔ مالیاتی مفروضات

| مندرجات | تفصیلات |
|---|---|
| قرضہ | 50 فیصد |
| ذاتی سرمایہ | 50 فیصد |
| قرضہ پر شرح سود | 16 فیصد |
| قرضہ کی مدت واپسی | 5 سال |
| قرضہ کی ادائیگی کی اقساط | 12 |